© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆ **چودھری محمد یعقوب تارڑ مرحوم:** سابق صدر جناب محمد رفیق تارڑ کے بھائی، انتقال ۳ رجنوری ۲۰۱۲ء

☆ **والدہ مرحومہ عرفان احمد عمرانی:** روزنامہ اسلام ملتان کے نیوز ایڈیٹر، ہمارے کرم فرما جناب عرفان احمد عمرانی کی والدہ ماجدہ، انتقال ۲۷ ردسمبر ۲۰۱۱ء

☆ **ملک مشتاق احمد وینس:** جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابوذر بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے دروسِ قرآن اور نجی مجالس کے حاضر باش رکن رکین۔ ☆ **محمد سرفراز مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام راولپنڈی کے صدر چودھری خادم حسین کے بھتیجے۔

☆ **قاری محمد طارق مرحوم:** مجلس احرارِ اسلام راولپنڈی کے ناظم مولانا محمد ابوذر کے ماموں زاد۔

☆ راولپنڈی میں ہمارے بزرگ مہربان شیخ امین اللہ صاحب کی جواں سال دختر مرحومہ۔

☆ مجلس احرارِ اسلام بورے والا (ضلع وہاڑی) کے سرگرم کارکن جناب رانا محمد خالد کی والدہ مرحومہ۔

☆ مجلس احرارِ اسلام بورے والا کے کارکن جناب حاجی محمد غضنفر کی اہلیہ مرحومہ۔

☆ تلہ گنگ میں ہمارے معاون ومہربان جناب محمو صاحب کے والد ماجد حاجی نور زمان مرحوم (ملکوال والے)

☆ مجلس احرارِ اسلام سرگودھا کے صدر جناب ڈاکٹر محمد ظہیر حیدری کی خوش دامن مرحومہ اور برادر نسبتی مرحوم

☆ مجلس احرارِ اسلام میلسی کے سرگرم کارکن جناب میاں ریاض احمد صاحب (ککری خورد) کے عزیز گلزار احمد مرحوم

☆ ملتان میں ہمارے معاون ومہربان حافظ محمد رمضان مرحوم۔ جناب محمد الیاس اور محمد عمر کے والد (حافظ کتاب گھر) انتقال: ۱۹ رجنوری ۲۰۱۲ء

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے قریبی ساتھی شیخ تنویر احمد کے بڑے بھائی شیخ شبیر احمد مرحوم، انتقال: ۱۱ رجنوری ۲۰۱۲ء

☆ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے (سابق) مرکزی نائب امیر صوفی غلام رسول نیازی کے بھائی جناب غلام محمد نیازی مرحوم

☆ **مجلس احرارِ اسلام چشتیاں** کے مخلص کارکن قاری محمد عطاء اللہ صاحب کی ہمشیر مرحومہ۔ انتقال: ۲۸ رجنوری ۲۰۱۲

☆ مولانا عبدالرحمٰن رحمہ اللہ، الرحمٰن قرآن کمپنی اردو بازار لاہور، انتقال: ۱۸ رنومبر ۲۰۱۱ء

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے دیرینہ ہمسائے ناتول خان مرحوم

احباب وقارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کا اہتمام کریں۔ اللہ تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ (آمین)

## دعائے صحت

☆ حضرت حافظ سید محمد وکیل شاہ صاحب (والد ماجد سید محمد کفیل بخاری) ☆ حاجی عبدالعزیز صاحب (احمد سویٹس، ملتان)

☆ چودھری مشتاق احمد صاحب (مہربان کالونی ملتان) ☆ محمد احمد۔ ملک محمد صدیق صاحب امیر احرار تلہ گنگ کے فرزند

☆ محمد انیس مجلس احرارِ اسلام چشتیاں کے کارکن جناب ظہیر احمد کے بھائی ☆ سیالکوٹ میں بھائی محمد اشرف احرار اور ان کی اہلیہ شدید بیمار ہیں

احباب سے دعاء صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفاء کاملہ عطاء فرمائے۔ (آمین



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## عبداللطیف خالد چیمہ کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر مزید اکابر و حضرات کی طرف سے اظہارِ تعزیت اور چیچہ وطنی تشریف آوری!

حضرت مولانا خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مجاز حضرت حافظ عبدالرشید رحمۃ اللہ علیہ کی اہلیہ، عبداللطیف خالد چیمہ ،جاوید اقبال چیمہ اور حافظ حکیم حبیب اللہ چیمہ کی والدہ ماجدہ، ڈاکٹر محمد اعظم چیمہ کی خالہ اور خوشدامن کے انتقال پر گزشتہ ماہ بھی متعدد اکابر و حضرات چیچہ وطنی تشریف لائے یا مکتوبات اور فون کے ذریعے تعزیت کا اظہار کیا، ان میں خانقاہ سراجیہ مجددیہ نقشبندیہ کے سجادہ نشین حضرت مولانا خواجہ خلیل احمد، انٹرنیشنل ختم نبوت موومنٹ پاکستان کے سربراہ حضرت مولانا عبدالحفیظ مکی، مولانا منظور احمد (استادِ حدیث جامعہ خیر المدارس ملتان)، جمعیت علماء اسلام (س) کے مرکزی نائب امیر مولانا بشیر احمد شاد، مولانا عبدالرؤف فاروقی، ڈاکٹر محمد الیاس فیصل (مدینہ منورہ)، مولانا عزیز الرحمٰن خورشید (بھیرہ)، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنما مولانا اللہ وسایا، اہلسنت والجماعت کے رہنما مولانا شمس الرحمٰن معاویہ، جمعیت علماء اسلام پنجاب کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر عتیق الرحمٰن، ختم نبوت ایجوکیشن سنٹر برمنگھم کے ڈائریکٹر مولانا امداد الحسن نعمانی، احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے محمد اکرم راہی، محمد اشرف، (گلاسگو) ہڈرز فیلڈ کے ممتاز دین مولانا محمد اکرم، ڈاکٹر جاوید کنول (اٹلی) کے علاوہ اندرون و بیرون ملک سے بے شمار حضرات و احباب، احرار کارکنوں صحافیوں اور اعزہ نے مرحومہ کے فرزندان و اہل خانہ سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار اور دعائے خیر کی ہے، اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر سے نوازیں اور مرحومہ کو جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں (آمین)

### مجلس تحفظ ختم نبوت کے بانی ناظم نشر و اشاعت، رفیقِ امیر شریعت حضرت مولانا مجاہد الحسینی مدظلہ العالی کا مکتوبِ تعزیت

حاجی عبداللطیف خالد چیمہ صاحب
ناظم اعلیٰ مجلس احرارِ اسلام پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ !

مجلّہ نقیب ختم نبوت ملتان میں آپ کی والدہ ماجدہ کے سانحۂ ارتحال کی خبر پڑھ کر صدمہ پہنچا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون والدہ ماجدہ رحمہا اللہ کی شفقت و محبت بھری دعاؤں اور ان کی طمانیت افزا آغوش راحت سے محرومی بظاہر نا قابل برداشت محسوس ہوتی ہے۔ لیکن جن لوگوں کی ہمہ وقت نگاہ کا محور حضور محسن انسانیت حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ اور آپ کی تعلیمات مقدسہ پر ہے وہ صبر اور برداشت سے کام لیتے ہیں حضور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اقدس فرزندان اسلام کے لیے مشعل راہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ’’انسان جب راہ آخرت اختیار کر لیتا ہے تو اس کا اعمال نامہ بند ہو جاتا ہے مگر تین صورتیں ایسی ہیں جن کی موجودگی میں اس کا اعمال نامہ کھلا رہتا ہے۔ ان تین اعمال صالحہ میں سے ایک یہ کہ مرنے والا ایسی نیک اولاد چھوڑ جائے جو ہر وقت اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتی رہے‘‘



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپ کوتواللہ کے فضل سے تینوں اعمال صالحہ کی توفیق حاصل ہے، آپ تو الحمدللہ اسلام کی نشاۃ ثانیہ اور عقیدۂ ختمِ نبوت کے تحفظ کے لئے ہر وقت کوشاں اور مستعد رہتے ہیں، ان مساعی حسنہ کے اجر وثواب میں اللہ تعالیٰ آپ کے والدین کو خصوصاً جنت الفردوس کے مقام علیین پر فائز کرے گا۔ آپ کی والدہ ماجدہ کس قدر خوش بخت اور نیک خاتون تھیں جس نے آپ جیسے ہونہار علم وادب کی اعلیٰ صلاحیتوں سے آراستہ ایسا فرزند چھوڑا ہے جو نہ صرف اپنے خاندان کا بلکہ پورے ملک کا اور امت مسلمہ کا نام روشن کرنے کا فریضہ نہایت خوش اسلوبی اور سلیقے کے ساتھ ادا کرنے کی تابندہ روایات قائم کر رہا ہے، اللہ توفیق مزید سے نوازتا رہے۔ آمین

میری قلبی دعائیں آپ کے ساتھ ہیں اللہ تعالیٰ آپ کی والدہ ماجدہ رحمہا اللہ کے اعمال صالحہ کو شرف قبولیت عطا کر کے ان کی مغفرت کرے اور اپنے خاص جوار رحمت میں بلند مقام پر فائز کر کے آپ سب پسماندگان کو صبر وتحمل کی توفیق سے نوازے۔ آمین

آپ کو علم ہوگا کہ گزشتہ چندہ ماہ سے ایک آنکھ کے آپریشن کے بعد لکھنے پڑھنے سے معذور ہوں۔ صرف ایک آنکھ بند کر کے اندازے کے ساتھ ہی یہ چند سطور لکھ رہا ہوں۔ حروف کے در وبست میں کوتاہی پر معذرت اور دعاؤں کا طالب ہوں۔

احباب خاص کی خدمت میں سلام اور دعائیں، والسلام

آپ کا شریک غم

دعا گو

مجاہد الحسینی

## قارئین متوجہ ہوں!

قارئین کی طرف سے اکثر یہ شکایت موصول ہوتی ہے کہ ہمیں سالانہ چندہ ختم ہونے کی کوئی اطلاع نہیں ملی اور رسالہ بند کر دیا گیا ہے۔ اس شکایت کے ازالے اور قارئین کی سہولت کے لیے لفافے پر پتا کے اوپر مدت خریداری درج کر دی گئی ہے۔ (زرتعاون سالانہ) اکثر قارئین کا دسمبر ۲۰۱۱ء میں ختم ہو چکا ہے پہلے جنوری ۲۰۱۲ اور اب فروری ۲۰۱۲ء کا شمارہ بھی انھیں ارسال کیا جا رہا ہے۔ ایسے قارئین، جن کا زرِ تعاون ختم ہو چکا ہے براہِ کرم فروری ہی میں اپنا سالانہ زرِتعاون ۲۰۰ روپے ارسال فرما کر نئے سال کے لیے تجدید کرالیں۔ یہ رقم منی آرڈر یا درج ذیل موبائل نمبر **0300-6326621** پر ایزی لوڈ کے ذریعے بھی بھیجی جاسکتی ہے۔ ایزی لوڈ کراتے وقت اس کا خرچ خود ادا کریں۔ ادارے کو پورے -/200 روپے موصول ہوں۔ بصورت دیگر آئندہ کے لیے رسالہ کی ترسیل سے معذرت! (سرکولیشن منیجر)

**”نقیب ختم نبوت“ کی ترسیل، شکایات اور دیگر معلومات کے لیے رابطہ نمبر: 0300-7345095**



© rasailojaraid.com